ناظمِ اعلیٰ کا پیغام

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

پاکستان انٹرنیشنل بلک ٹرمینل لمیٹڈ کے اراکین کو مجلس نظماء (بورڈ آف ڈائریکٹرز) کی مجموعی کارکردگی اور کمپنی کے اہداف کے حصول کے حوالہ سے اس کے مؤثر کردار پر مبنی یہ تجزیاتی رپورٹ پیش کرنے پر بہت خوشی محسوس ہو رہی ہے۔

پاکستان انٹرنیشنل بلک ٹرمینل لمیٹڈ کا ایک مؤثر ضابطہ کار ہے جو مجلس نظماء (بورڈ آف ڈائریکٹرز) اور اس کی کمیٹیوں کی تشکیل، لائحہ عمل اور اجلاسات کے حوالہ سے کمپنی ایکٹ 2017ء اور فہرستی کمپنی کے قواعد و ضوابط 2019ء (ضابطہ برائے کاروباری نظم و نسق) کی طے کردہ ضرورتوں کو پورا کرتا ہے۔

مجلس نظماء (بورڈ آف ڈائریکٹرز) بخوبی سمجھتی ہے کہ اجتماعی جواب دہی کے عمل کی بہتری کے لئے واضح طور پر بیان کردہ کاروباری نظم و نسق کے نظام کی پیروی بہت اہم ہے اور حصص داران کی قدر کو برقرار رکھنے اور اس میں اضافے کے لئے کاروباری نظم و نسق کے اعلیٰ معیار کو یقینی بناتے ہوئے پاکستان انٹرنیشنل بلک ٹرمینل کی بنیادی اقدار اور وژن کے غیر متزلزل عزم کا مظاہرہ کیا ہے۔

مجھے اپنی مجلس نظماء (بورڈ آف ڈائریکٹرز) میں نئے اراکین کے اضافے کا اعلان کرتے ہوئے خوشی ہو رہی ہے۔ ان کی ہمہ جہت مہارتوں اور تجربات سے بلاشبہ نئی جہتیں سامنے آئیں گی اور ہم ان کے قابل قدر تعاون کے منتظر رہیں گے۔ مجلس (بورڈ) نے انتظامیہ، داخلی محاسب اور آزاد ماہرین کے ساتھ بروقت مذاکرے سے اور مناسب سمت کی فراہمی سے کمپنی کے مقاصد، حکمت عملیوں اور کاروباری و مالی کارکردگی کی باقاعدہ تشخیص کا ایک طریقہ کار وضع کیا ہے۔ انتظامیہ روزانہ کی کاروباری سرگرمیاں اور مجلس (بورڈ) کی حکمت عملی کو عملی جامہ پہنانے کی ذمہ داری سرانجام دیتی ہے۔

مجلس نظماء (بورڈ آف ڈائریکٹرز) نے کمپنی میں پیشہ وارانہ روایات اور اعلیٰ اخلاقیات کو فروغ دینے کے لئے کارپوریٹ نظم و نسق کی پیروی کے بہترین طور طریقوں کے ساتھ شفاف اور مضبوط نظام رائج کیا ہے تاکہ ایک مؤثر نظم و نسق اور نظم و ضبط کا ماحول قائم کیا جاسکے جو کمپنی کی روایات اور قدروں کو موزوں ترین ضابطہ اخلاق کے ذریعے نئے سرے سے تقویت دے سکے۔ مجلس نظماء کے اراکین نے ہماری کمپنی کی طویل مدتی پائداری اور کامیابی کو یقینی بنانے کے لئے اسٹریٹیجک سمت نگرانی اور نظم کی فراہمی لئے تن دہی سے کام کیا ہے۔

مجموعی طور پر مجلس نظماء (بورڈ آف ڈائریکٹرز) اور اس کی کمیٹیوں کی سالانہ کارکردگی کو جانچنے کے لئے ضابطہ برائے کاروباری نظم و نسق کی مکمل تعمیل کی جاتی ہے تاکہ اس امر کو یقینی بنایا جاسکے کہ مجلس (بورڈ) کی مجموعی کارکردگی ارتقاء یافتہ جامع معیار کے عین مطابق اور قابل اطمینان ہے۔ حالیہ برس کا بھی جائزہ لیا جائے تو مجلس نظماء (بورڈ آف ڈائریکٹرز) نے بجا طور پر کمپنی کے امور کی انتظام کاری میں بھرپور کردار ادا کیا جو کامیاب حرفتی اور معاشی کارکردگی سے واضح ہے۔

میں پاکستان انٹرنیشنل بلک ٹرمینل کی طرف سے اپنے تمام ملازمین، نگہبان حکام، پورٹ قاسم اتھارٹی، قرض دہندگان، ٹھیکہ داران اور اپنے قابل قدر اراکین کا شکر گزار ہوں اور ان کے کمپنی کے ساتھ مسلسل تعاون اور ان کے اعتماد اور احساس ذمہ داری کا اعتراف کرتا ہوں۔

کیپٹین حلیم احمد صدیقی

ناظم اعلیٰ

کراچی 3۔ نومبر 2023ء